پریس ریلیز

مورخہ 04 ستمبر 2024

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور نئے تعینات ہونے والے سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ کی اہم ملاقات۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے نئے تعینات ہونے والے سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ سے ملاقات کی۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن پنجاب احمد عزیز تارڑ کو عہدہ کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔

ملاقات میں ڈرائریکٹر امپلیمینٹیشن محمد ارشد فاروقی بھی موجود تھے جن کے درمیان اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ پراسیکیوٹرز کا سروس سٹرکچر ایک نہایت اہم اور دیرینہ مسئلہ ہے۔ محکمہ پراسیکیوشن میں پراسیکیوٹرز کی ترقی کا کوئی میکانزم موجود نہ ہے۔ پراسیکیوٹرز پندرہ سال سے ایک ہی عہدہ پر کام۔ کر رہے ہیں۔ محکمہ پراسیکیوشن ذہین لوگوں کا محکمہ ہے۔ ہر سال پراسیکیوٹرز ہائی کورٹ کے زیر اہتمام سول ججز اور ایڈیشنل سیشن ججز کا امتحان پاس کر کے جوڈیشل سروس میں جا رہے ہیں۔ جس کی بڑی وجہ سروس سٹرکچر اور دیگر سہولیات کا نہ ہونا ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے سروس سٹرکچر بنانے اور پراسیکیوٹرز کی اپگریڈیشن پر زور دیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ سروس سٹرکچر اور اگلے گریڈز میں ترقی سے پراسیکیوٹرز کا مورال بلند ہو گا اور پرفارمنس میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے پراسیکیوٹرز کو دیگر محکموں کے آفسران کے برابر سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔

ملاقات میں پنجاب بھر میں پراسیکیوٹرز کی کم تعداد اور نئے پراسیکیوٹرز بھرتی کرنے کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے پراسیکیوٹرز کی تعداد، عدالتوں اور پولیس اسٹیشنز کے حساب سے بڑھانے کی تجویز دی۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ پراسیکیوٹرز کی تعداد عدالتوں اور پولیس اسٹیشنز کے حساب سے بڑھانے سے پراسیکیوٹرز پر اضافی بوجھ ختم ہو جائے گا اور پراسیکیوٹرز تفتیشی افسران اور عدالتوں کو بہترین قانونی معاونت فراہم کر سکیں گے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب اور سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن کے درمیان محکمہ پراسیکیوشن کی اپ گریڈیشن کے لیے لائحہ عمل بنانے پر بھی اتفاق۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ نے مل کر محکمہ کی بہتری کے لیے کام کرنے کا آعادہ کیا۔

اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ احمد عزیز تارڑ ایک اچھا اضافہ ہیں۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)